سوال

(500)نابینا حافظ قرآن کی امامت نماز فرض اور تراویح کرانا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نابینا حافظ قرآن کی امامت نماز فرض اور تراویح کرانی جائز ہے یا ناجائز؟ چونکہ اس کے متعلق تین گروہ ہیں۔ ایک کہتا ہے تراویح ہو سکتی ہے۔ فرض نہیں ہو سکتی۔ دوسرا گروہ کہتا ہے۔ تراویح بھی فرض بھی دونوں ہوسکتے ہیں۔ تیسرا گروہ کہتا ہے۔ نہ فرض ہوسکتے ہیں۔ نہ تراویح ہو سکتی ہے۔ نابینا حافظ کی امامت ہی کسی صورت میں درست نہیں ہے۔ (حکیم اللہ بخش جالندھری بگڑا۔ بنگالی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نابینا کے پیچھے ہر نماز جائز ہے۔ آپ ﷺ نے عبد اللہ بن ام مکتوم نابینا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام پنجوقتہ بنایا تھا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص653

محدث فتویٰ